## سی ڈی سی اکاؤنٹ میں فزیکل شیئرز کا ڈیپازٹ

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 72 کی روشنی میں ہر موجودہ کمپنی کمپنیز ایکٹ 2017 کے آغاز یعنی 31 مئی 2017 سے چار سال کے اندر ایس ای سی پی میں موجود تفصیل کے مطابق اپنے فزیکل شیئرز بک انٹری فارم میں منتقل کرنے کی پابند ہے۔

فزیکل شیئرز ہولڈنگ کے حامل شیئر ہولڈرز کسی بروکر یا انویسٹر کاؤنٹ کے ذریعے سی ڈی سی میں براہ راست سی ڈی سی سب اکاؤنٹ کھلوا سکتے ہیں اور اپنے شیئرز scrip-less فارم میں رکھ سکتے ہیں۔ یہ کئی اعتبار سے سودمند ہے خصوصاً حفاظت اور کسی بھی وقت شیئرز کی فروخت کیلئے کیوں کہ سٹاک ایکسچینج کے موجودہ قوائد کے مطابق فزیکل شیئرز کی ٹریڈنگ کی اجازت نہیں ہے۔

## فائلر اور نان فائلر کا سٹیٹس

i- انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کے سیکشن 150 کے مطابق جس میں کمپنیوں کی جانب سے ادا کی جانے والی مالیت پر منافع کے ودہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی کے نرخ وضع کئے گئے ہیں۔ ٹیکس کے انراخ مندرجہ ذیل ہیں۔

الف۔ انکم ٹیکس ریٹرنز فائلرز کیلئے 15 فیصد

ب۔ انکم ٹیکس ریٹرنز نان فائلرز کیلئے 30 فیصد

کمپنی کو مالیت کے عوض 30 فیصد کے بجائے 15 فیصد کے حساب سے نقد منافع منقسمہ (Cash Dividend) پر ٹیکس کٹوتی کے قابل بنانے کیلئے ان تمام حصص داران جن کا نام، ٹیکس فائلر ہونے کے باوجود، ایف بی آر کی ویب سائٹ پر موجود ایکٹو ٹیکس پیئرز لسٹ (ATL) میں موجود نہیں ہے، کو یہ بات یقینی بنانے کی ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ 27 اکتوبر 2021 کو منعقد ہونے والے سالانہ عمومی اجلاس میں نقد منافع کی منظوری کی تاریخ تک یا اس سے قبل اپنا نام ATL میں درج کروالیں بصورت دیگر نقد منافع پر 15 فیصد کی بجائے 30 فیصد ٹیکس کی کٹوتی کی جائے گی

مزید برآں، فیڈرل بورڈ آف ریونیو کی موصول شدہ وضاحت کے مطابق ودہولڈنگ ٹیکس کا تعین علیحدہ علیحدہ حصص داران کے فائلر/ نان فائلر ہونے کی بنیاد پر کیا جائے گا۔ مشترکہ اکاؤنٹس کی صورت میں بھی حصص کی مناسبت سے یہی طریقہ اختیار کیا جائے گا۔ اس سلسلے میں تمام حصص داران جو مشترکہ طور پر حصص رکھتے ہیں وہ اپنے حصہ کے تناسب کے بارے میں ہمارے حصص رجسٹرار کو درج ذیل کے مطابق فراہم کریں (اگر پہلے فراہم نہیں کیا)

| Company Name | Folio/ CDS Account No | Total Shares | Principal Shareholder | | Joint Shareholder | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | Name and CNIC No. | Shareholding Proportion (No. of Shares) | Name and CNIC No. | Shareholding Proportion (No. of Shares) |
| | | | | | | |

ii- کسی بھی قسم کے استفسار/شکایات/معلومات کی صورت میں سرمایہ کار کمپنی یا شیئرز رجسٹرار سے مندرجہ ذیل فون نمبر یا ای میل ایڈریس کے ذریعے رابطہ کرسکتا ہے۔

**بیافو انڈسٹریز لمیٹڈ**

1st فلور، بیافو ہاؤس، پلاٹ نمبر 23، گلی نمبر 40-38، آئی اینڈ ٹی سینٹر،

سیکٹر G-10/4، اسلام آباد، پاکستان۔

ٹیلیفون 57-2353455 ,53-2353450-51-92+ : فیکس: 92-51-2353458+

ویب سائٹ: www.biafo.com

ای میل: management@biafo.com,

**ایف۔ ڈی رجسٹرار سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ**

17th فلور، صائمہ ٹریڈ ٹاور-A، آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی۔

فون: 6-32271905 21 92+

iii- سی ڈی سی اکاؤنٹس کے حامل کارپوریٹ حصص داران کیلئے نیشنل ٹیکس نمبر (NTN) ہونا لازمی ہے جو ان کے متعلقہ شرکت کنندہ کے ساتھ اپ ڈیٹ ہو جبکہ فزیکل شیئرز کے حامل کارپوریٹ ممبران اپنے NTN سرٹیفکیٹ کی نقل کمپنی یا اس کے شیئرز رجسٹرار میسرز ایف۔ ڈی رجسٹرار سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو ارسال کرنا ضروری ہے۔ حصص داران اپنا NTN یا NTN سرٹیفکیٹ بھیجتے وقت، کسی بھی صورت میں کمپنی کا نام اور فولیو نمبر ضرور درج کریں۔

# شئیر ہولڈرز کے 33 ویں سالانہ اجلاس عام کیلئے ممبران کو نوٹس

بذریعہ نوٹس ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ بیافو انڈسٹریز لمیٹڈ کا 33 واں سالانہ اجلاس عام بتاریخ 27 اکتوبر، 2021 بوقت 11:00 بجے صبح 1st فلور، بیافو ہاؤس، پلاٹ نمبر 23، گلی نمبر 40-38، آئی اینڈ ٹی سینٹر، سیکٹر G-10/4، اسلام آباد میں درج ذیل امور کی انجام دہی کیلئے منعقد ہوگا:

## عمومی امور

1- سالانہ اجلاس عام منعقدہ 27 اکتوبر 2020 کے منٹس کی توثیق۔

2- 30 جون 2021 کو مکمل ہونے والے سال کے آڈٹ شدہ اکاؤنٹس بمع ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس کی وصولی، زیرغور لانا اور اختیار کرنا۔

3- 30 جون 2021 کو مکمل ہونے والے سال کیلئے بونس شیئر 10 فیصد، اعلان کردہ 23 ستمبر 2021 اور عبوری نقد منافع منقسمہ 2.00 روپے فی شیئر (20 فیصد) اعلان کردہ 23 فروری 2021 اور 2.00 روپے فی شیئر (20 فیصد) اعلان کردہ 26 اپریل 2021 مجموعی طور پر 4.0 روپے فی شیئر (40 فیصد) کی ادائیگی کی منظوری۔

4- 22-2021 کیلئے آڈیٹرز اور ان کے معاوضے کی تقرری۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز نے یوسف عادل چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس، جنہوں نے بطور آڈیٹرز اپنے فرائض سرانجام دینے کی خواہش ظاہر کی ہے کو کمپنی کے ایکسٹرنل آڈیٹرز برائے سال 22-2021 مقرر کرنے کی سفارش کی ہے۔

5- چیئرمین کی اجازت سے میٹنگ میں رکھے جانے والے کچھ دیگر عمور کی انجام دہی کے لیے۔

**بحکم بورڈ**

خواجہ شائق تنویر
کمپنی سیکرٹری

اسلام آباد
مورخہ: 23 ستمبر، 2021

## نوٹس

1- کمپنی کی شیئر منتقلی کی کتب 19 اکتوبر 2021 تا 27 اکتوبر 2021 (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی۔

2- اجلاس ہذا میں میں شرکت اور ووٹ دینے کا استحقاق رکھنے والے ممبر اپنی جگہ پر ووٹ دینے اور شرکت کرنے کے لیئے کسی دوسرے ممبر کو اپنا پراکسی مقرر کرسکتا ہے۔ مقررہ شخص کو مطالبہ پول پر بولنے اور ووٹ کرنے کے وہی حقوق حاصل ہوں گے جو کہ ممبر کو حاصل ہوتے ہیں۔ پراکسی کے موثر ہونے کیلئے ضروری ہے کہ مہر شدہ، دستخط شدہ اور گواہی کے ساتھ پراکسیز (Proxies) کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں میٹنگ شروع ہونے سے 48 گھنٹے قبل پہنچ جانی چاہئیں۔ پراکسی کیلئے کمپنی کا ممبر ہونا ضروری نہیں۔

3- سی ڈی سی شیئر ہولڈرز یا ان کے پراکسی، سالانہ اجلاس عام میں شرکت کے وقت اپنے ہمراہ اصل شناختی کارڈز یا پاسپورٹس، یا شرکت کنندہ کے آئی ڈی نمبرز، اکاؤنٹ نمبرز ساتھ لائیں تا کہ ان مقاصد کیلئے ان کی عمومی دستاویزات کی توثیق کی جاسکے۔

## کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ اور زکوٰۃ

4- ممبران سے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی نقل جمع کرانے کی استدعا کی جاتی ہے تا کہ ریکارڈ کو اپ ڈیٹ کیا جاسکے۔ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی نقل نہ جمع کرانے کی صورت میں مستقبل کے تمام حصص روک لئے جائیں گے۔

5- ممبران سے استدعا کی جاتی ہے کہ وہ زکوٰۃ اور عشر آرڈیننس 1980 کے مطابق زکوٰۃ سے استثنٰی کا بیان جمع کرائیں یا پتہ میں تبدیلی تجویز کریں، اگر ہو تو۔

## ای ڈیوڈنڈ

پبلک لسٹڈ کمپنی ہونے کی صورت میں کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 242 کی رو سے شیئر ہولڈرز اپنے منافع کی نقد ادائیگی صرف الیکٹرانک طریقہ کار کے ذریعے براہِ راست اپنے نامزد کردہ بینک اکاؤنٹ میں کر سکتے ہیں۔ اسی لئے نوٹس ہذا کے ذریعے تمام شیئر ہولڈرز سے استدعا کی جاتی ہے کہ بذریعہ متعلقہ شرکت کنندگان سینٹرل ڈیپازٹری سسٹم میں اپنے انٹرنیشنل بینک اکاؤنٹس (IBAN) کی تفصیلات کو اپ ڈیٹ کریں۔ فزیکل شیئرز کی صورت میں اپنے بینک اکاؤنٹ کی تفصیلات ہمارے شیئر رجسٹرار ،میسرز ایف۔ڈی رجسٹرار سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو مہیا کریں۔ (حصص داران کے لئے) ای۔ڈویڈنڈ مینڈیٹ فارم منسلک کیا گیا ہے۔